وزیر اعظم نے بھارت- عمان کاروباری فورم میں شرکت کی (18 دسمبر، 2025)

18 دسمبر، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج مسقط میں بھارت- عمان بزنس فورم سے خطاب کیا. عمان کے وزیربرائے تجارت و صنعت اور سرمایہ کاری فروغ عزت مآب قیس الیوسف؛ عزت مآب عمان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے چیئرمین جناب شیخ فیصل ال راواس؛ ہندوستان کے کامرس اور صنعت کے وزیر جناب پیوش گوئل اور سی آئی آئی کے صدر جناب راجیو میمانی نے میٹنگ میں شرکت کی. اس فورم میں توانائی، زراعت، لاجسٹکس، بنیادی ڈھانچہ، مینوفیکچرنگ، صحت، مالی خدمات، ماحولیات کے لئے سازگار ترقی، تعلیم اور رابطے کے شعبوں میں دونوں ممالک کے سرکردہ کاروباری نمائندوں نے شرکت کی.

2. اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے منڈوی سے مسقط تک دونوں ممالک کے درمیان صدیوں پرانے سمندری تجارتی تعلقات پر روشنی ڈالی، جو آج متحرک تجارتی تبادلوں کی بنیاد قائم کرتے ہیں. انہوں نے کہا کہ 70 سالہ سفارتی تعلقات صدیوں سے قائم اعتماد اور دوستی کی نمائندگی کرتے ہیں. وزیر اعظم نے کاروباری رہنماؤں سے ہندوستان-عمان جامع اقتصادی شراکت داری (سی ای پی اے) کی مکمل صلاحیت کا ادراک کرنے کی اپیل کی، جسے انہوں نے ہندوستان-عمان مشترکہ مستقبل کا خاکہ قرار دیا. انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سی ای پی اے دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے تعلقات میں نئی توانائی پیدا کرے گا اور باہمی ترقی، اختراع اور روزگار کے مواقع پیدا کرے گا.

3. گزشتہ 11 سالوں میں ہندوستان کی اقتصادی کامیابی پر روشنی ڈالتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ ملک اگلی نسل کی اصلاحات ، پالیسی کی پیش گوئی، اچھی حکمرانی اور اعلی سرمایہ کاروں کے اعتماد کی بنیاد پر دنیا کی 3ری سب سے بڑی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے. انہوں نے مزید کہا کہ عالمی غیر یقینی کی صورتحال کے تناظر میں ہندوستان کی اعلی ترقی-آخری سہ ماہی میں 8% فیصد سے زیادہ رہی جو اس کی لچکدار نوعیت اور بھر پور صلاحیتوں کی عکاسی کرتی ہے. انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ہندوستان " گزر بسر میں آسانی" اور "کاروبار کرنے میں آسانی" کو فروغ دینے کے لیے عالمی معیار کے بنیادی ڈھانچے، لاجسٹکس، اتصالیت، قابل اعتماد سپلائی چین، مینوفیکچرنگ کی صلاحیتوں اور ماحولیات دوست ترقی کے لیے تیزی اوروسیع پیمانے پر کام کر رہا ہے". انہوں نے عمانی کاروباروں کو توانائی، تیل اور گیس، پیٹروکیمیکلز اور کھادوں کے روایتی شعبوں سے آگے دیکھنے اور سبز توانائی ، شمسی پارکس ، توانائی ذخیرہ کرنے ، سمارٹ گرڈز ، ایگری ٹیک ، فن ٹیک، اے آئی اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں مواقع تلاش کرنے کی دعوت دی. انہوں نے کاروباری شراکت داری کو مستقبل کے لیے تیار کرنے کے لیے انڈیا عمان ایگری انوویشن ہب اور انڈیا عمان انوویشن برج بنانے کی تجویز پیش کی. وزیر اعظم نے اس بات پر زور دیا کہ یہ محض تصورات نہیں ہیں، بلکہ سرمایہ کاری ، اختراع اور مستقبل کی تعمیر کے لیے دعوت ہیں.

4. وزیر اعظم نے تقریب میں کاروباری رہنماؤں کی اہم موجودگی کو سراہا اور ان سے زوردے کر کہا کہ وہ کاروبار کو پالیسی کے ساتھ جوڑیں اور سی ای پی اے کو ترقی کی طرف لےجائیں. انہوں نے اس بات کی تصدیق کی کہ ہندوستان اور عمان نہ صرف قریبی پڑوسی ہیں بلکہ خطے اور اس سے باہر بھی استحکام ، ترقی اور مشترکہ خوشحالی کے لیے پرعزم کلیدی شراکت دار ہیں. وزیر اعظم کا مکمل خطاب یہاں دیکھا جاسکتا ہے [Link].

مسقط

18 دسمبر، 2025